تیسرا سمسٹر III Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	ستمبر 2020

پرچہ : سماجی مطالعہ کی تدریس

Paper : BBED333DST : Pedagogy of Social Studies - II

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks   Time : وقت : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) سماجی مطالعہ کی تدریس کے ذریعے بچوں میں حب الوطنی کے جذبے کو فروغ کیسے دیا جا سکتا ہے؟

(a) تدریسی امداد سے   (b) قومی تہوار منانے سے   (c) کھیل سے   (d) ان میں کوئی نہیں

(ii) تاریخ ہند کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(a) ایک   (b) دو   (c) تین   (d) چھ

(iii) ہندوستان کا دستور کس نے تیار کیا؟

(a) پنڈت نہرو   (b) ڈاکٹر ذاکر حسین   (c) سر سید احمد خان   (d) ڈاکٹر بی۔آر۔امبیڈکر

(iv) دستور ہند کب عمل میں لایا گیا ہے؟

(a) 1950ء   (b) 1949ء   (c) 1947ء   (d) 1954ء

(v) سماجی مطالعہ کے نصاب کی تدوین کس خاص اصول کے تحت ہونی چاہیے۔

(a) بچہ مرکوز اصول   (b) استاد مرکوز اصول   (c) تعلیم مرکوز اصول   (d) ان میں کوئی نہیں

(vi) تدریسی امدادی سامان سماجی مطالعہ کی تدریس میں سب سے زیادہ کس کے لیے اہم ہے؟

(a) استاد کے لیے   (b) بچوں کے لیے   (c) سماج کے لیے   (d) ان میں کوئی نہیں

(vii) تعین قدر کیوں ضروری ہے؟

(a) بچوں کے اکتساب کی سطح دیکھنے کے لیے (b) نصاب کے لیے (c) استاد کے لیے (d) سماج کے لیے

(viii) NCFTE کب عمل میں آیا؟

(a) 2005ء (b) 2007ء (c) 2010ء (d) 2009ء

(ix) ہندوستان کا موجودہ صدر کون ہے؟

(a) رام ناتھ کووند (b) راجناتھ سنگھ (c) نرملا سیتارمن (d) امیت شاہ

(x) ہندوستان میں اس وقت کس پارٹی کی سرکار ہے؟

(a) کانگریس (b) جنتادل (c) بی جے پی (d) ان میں کوئی نہیں

حصہ دوم

(2) سماجی مطالعہ کی درسی کتاب کے حوالے سے ہندوستان کی قدیم تاریخ پر نوٹ لکھیے۔

(3) ہندوستان کی مختلف آب وہوا کی وضاحت کیجیے۔

(4) ہندوستان کے دستور کی کیا خوبیاں ہیں؟ بیان کیجیے۔

(5) سماجی مطالعہ کے نصاب کا مفہوم اور ضرورت بیان کیجیے۔

(6) سماجی مطالعہ کی درسی کتاب کی دس خصوصیات بیان کیجیے۔

(7) تدریسی امدادی سامان سماجی مطالعہ کی تدریس کے لیے ضروری ہے۔ واضح کیجیے۔

(8) تعین قدر کی خصوصیات اور مفہوم کی وضاحت کیجیے۔

(9) سماجی مطالعہ میں معیاری جانچ کے آلات بیان کریں۔

حصہ سوم

(10) فرانسیسی انقلاب کے اثرات دنیا کے دیگر ممالک میں کس طرح دیکھے گئے؟ تفصیل سے بیان کیجیے۔

(11) ہندوستان کے دستور میں بیان کردہ بنیادی حقوق اور فرائض کی وضاحت کیجیے۔

(12) سماجی مطالعہ کے حوالے سے نصاب کی تدوین کے اصول تفصیل سے بیان کیجیے۔

(13) سمعی اور بصری تدریسی امداد کے اقسام تفصیل سے بیان کیجیے۔

(14) سماجی مطالعہ میں مسلسل اور جامع جانچ کی اہمیت کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

☆☆☆